گورنر KATHY HOCHUL

فوری ریلیز کے لیے: 2022/12/1

گورنر HOCHUL کا نیو یارک کے ضرورت مندوں کے لیے چھٹیوں کے کھلونے، کوٹ اور سکول کا سامان اکٹھا کرنے کی مہم شروع کرنے کا اعلان

ریاست گیر مہم کا آغاز 1 دسمبر سے ہو گا

بھیجے گئے پیکیجز ایمپائر اسٹیٹ پلازہ میں وصول کیے جائیں گے

کھلونا مہم کا اشتہار یہاں دستیاب ہے۔

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک بھر میں ضرورت مند خاندانوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے نیو یارک کی سالانہ ریاست گیر تعطیلات میں عطیات کی مہم کا آغاز 1 دسمبر 2022 سے ہو گا۔ تعطیلات میں عطیات دینے کی رُت کے دوران سماجی تنظیموں کی مدد کے لیے نئے کھلونے، کوٹ اور سکول کے سامان کے عطیات مانگے جا رہے ہیں۔

گورنر Hochul نے کہا، "تعطیلات کی اس رُت میں، میں نیو یارک کے تمام مکینوں کو ترغیب دیتی ہوں کہ وہ ریاست بھر میں ضرورت مند خاندانوں اور بچوں کی مدد کے لیے جمع ہوں۔ نیو یارک کی کھلونے اور کوٹ جمع کرنے کی سالانہ مہم ہمارے علاقوں کے لیے کچھ انتہائی ضروری خوشی اور امید لانے کا ایک بہترین موقع ہے، اور ایسا کرنے کے ذرائع رکھنے والا ہر کوئی عطیہ دے کر تعطیلات کی خوشی پھیلا سکتا ہے"۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے خدماتِ عامہ نے کاروباری اداروں اور افراد کے لیے نئے کھلونے، کوٹ اور سکول کا سامان جمع کروانے کے لیے ریاست بھر میں مقامات مقرر کیے ہیں، جو نیو یارک بھر میں کم خدمات یافتہ علاقوں کے خاندانوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔

سامان جمع کروانے کے مقامات یکم دسمبر سے 16 دسمبر تک عطیات جمع کریں گے۔ مقامات حسبِ ذیل ہیں:

- الفریڈ ای سمتھ بلڈنگ، 80 ساؤتھ سوان اسٹریٹ، البانی
- ایمپائر اسٹیٹ پلازہ مین کنکورس، ایمپائر اسٹیٹ پلازہ، البانی
- کارننگ ٹاور، ایمپائر اسٹیٹ پلازہ، البانی
- ایجنسی کی عمارتیں 1،2،3،4 - ایمپائر اسٹیٹ پلازہ، البانی
- رابرٹ ابرامس بلڈنگ فار لاء اینڈ جسٹس ایمپائر اسٹیٹ پلازہ، البانی
- سوان سٹریٹ بلڈنگ، کور 2 اور کور 3، ایمپائر اسٹیٹ پلازہ، البانی
- ہیریمین کیمپس کی عمارتیں 5، 6، 7، 7 اے، 8، 12 ہیریمن کیمپس، 1220 واشنگٹن ایوینیو، البانی
- ٹین ایک بلڈنگ، 40 نارتھ پرل اسٹریٹ، البانی
- 50 وولف روڈ، البانی
- 625 براڈوے، البانی

- ہیمپٹن پلازہ، 38-40 اسٹیٹ سٹریٹ، البانی
- 44 ہالینڈ ایونیو، البانی
- 328 اسٹیٹ سٹریٹ، سکینیکٹیڈی
- سینیٹر جان جے ہیوز اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 333 ای واشنگٹن اسٹریٹ، سیراکیوز
- ڈلس اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 317 واشنگٹن سٹریٹ، واٹر ٹاؤن
- یوٹیکا اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 207 جینیسی سٹریٹ، یوٹیکا
- ایلینور روزویلٹ اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 4 برنیٹ بلیوارڈ، پیکپسی
- ہینڈرسن-اسمتھ اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 107 براڈوے، ہورنیل
- بنگھیمٹن اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 44 ہالے سٹریٹ، بنگھیمٹن
- NYS اسٹیٹ پولیس، 1155 سکاٹسول روڈ، راچسٹر
- ہومر فوکس فیسیلٹی، 28 ہل سٹریٹ، اونونٹا
- الیکٹرک ٹاور، 535 واشنگٹن سٹریٹ، بفلو
- پیری بی ڈوریہ اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 250 ویٹرنز میموریل ہائی وے، ہاپاؤ
- ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 163 ویسٹ th125 سٹریٹ، نیو یارک سٹی
- شرلی اے چشولم اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 55 ہینسن پلیس، بروکلین

آن لائن آرڈر کیے گئے پیکجز درج ذیل مقام پر بھیجے جا سکتے ہیں۔

Empire State Plaza
P1 South Dock J
Albany, New York 12242
NYS Holiday Drive

###